© rasailojaraid.com



ان فی بضع احدکم صدقۃ قالوا یا رسول اللہ ایأتی احدنا شہوتہ ویکون لہ فیہا اجر قال ارأیتم لو وضعہا فی حرام اکان علیہ فیہ وزر فکذلک اذا وضعہا فی الحلال کان لہ اجر (مسلم) قال المحدث الدہلوی ادخال فی اشارۃ الی ان ذاتہ لیست صدقۃ بل ما ضمنہ من التحصین واداء حق الزوجۃ وطلب الولد الصالح انتہی۔
لیکن بہتر اور اولیٰ یہ ہے کہ ادباً واحتراماً واجلالاً لکلام اللہ ایسے کمرہ میں ہمبستر نہ ہو۔

# نعرۂ بیداری

(از جناب طالب صاحب اعظمی رحمانی)

مسلماں خواب سے بیدار ہو جا
یہ غفلت تابکے ہشیار ہو جا

نہیں غفلت میں سونیکا یہ موقعہ
پئے سعی عمل تیار ہو جا

کہاں پہنچی ہیں اقوام جہاں سب
ذرا تو بھی صبا رفتار ہو جا

زبوں حالی تری اب حد کو پہنچی
خدا کے واسطے بیدار ہو جا

زمانے کو دکھا دے اپنی عظمت
زمانے بھر کا پھر سردار ہو جا

منظم ہو منظم ہو منظم
اخوت کا علمبردار ہو جا

شجاعت میں سیاست میں ذرا پھر
مثالِ حیدر کرار رضؓ ہو جا

اگر منظور ہے آزادیٔ ملک
پئے جد و جہد تیار ہو جا

مٹانے کیلئے دنیا سے باطل
سراسر تیغ جوہر دار ہو جا

نہ دے گفتار کو اپنی طرف راہ
سراپا پیکرِ کردار ہو جا

مٹا کر باہمی بغض و حسد کو
بہم اک دوسرے کا یار ہو جا

جہالت اور بے علمی کہاں تک
پئے علم و عمل تیار ہو جا

ذرا پھر جام وحدت کی طلب کر
شرابِ دیں سے پھر سرشار ہو جا

اگر مقصود ہے خوشنودیٔ رب
مطیع احمدِ مختار ہو جا

رہِ ملت میں طالب سر کٹا کر
فدائے احمدِ مختار ہو جا

© rasailojaraid.com